مسافرانِ آخرت

☆ سید اختر علی شاہ مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن اور جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے دیرینہ نیاز مند تھے۔ ۲۸ رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ مطابق ۴ ردسمبر ۲۰۰۲ء بروز بدھ ملتان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم ایک شریف النفس، خاموش طبع، صحیح العقیدہ، انتہائی صالح اور ایثار پیشہ بزرگ تھے۔

☆ شیخ فضل الرحمٰن مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن اور شیخ عبدالرحمٰن مرحوم کے فرزند تھے۔ ۲ رشوال ۱۴۲۳ھ مطابق ۷ ردسمبر ۲۰۰۲ء کو انتقال کر گئے۔ مرحوم کے والد شیخ عبدالرحمٰن مرحوم بھی احرار کے بہادر کارکنوں میں سے تھے۔ قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ کے ساتھ ساہیوال سنٹرل جیل میں ۱۹۷۱ء تحریک ختم نبوت کے سلسلہ میں اکٹھے قید رہے۔ مرحوم شیخ فضل الرحمٰن بھی اپنے والد کی طرح خلوص کے ساتھ احرار سے وابستہ رہے۔

☆ حافظ محمد ادریس مرحوم: حضرت مولانا عبدالعزیز رائے پوری قدس سرہٗ کے لاہور میں مستقل میزبان، مولانا محمد اکرم رحمہ اللہ کے فرزند اور جناب محمد عباس صاحب کے بھائی جناب حافظ محمد ادریس ۱۶ ردسمبر بروز سوموار لاہور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم انتہائی شگفتہ مزاج، ملنسار اور وضعدار انسان تھے۔ علماء سے بے پناہ محبت اور خدمتِ دین کے جذبہ سے سرشار تھے۔

☆ نثار احمد مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم اور وفادار کارکن بھائی نثار احمد ۱۸ ردسمبر بروز بدھ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ مرحوم دینی عقائد میں انتہائی پختہ اور دفاعِ صحابہ کی جدوجہد میں ایثار و استقامت اختیار کرنے والے مخلص کارکن تھے۔

☆ شیخ محمد اسلم لالہ (لدھیانوی) مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے ناظم نشر و اشاعت شیخ حسین اختر لدھیانوی کے چچازاد اور شیخ محمد حسن کے تایازاد شیخ محمد اسلم ۱۵ اراکتوبر ۲۰۰۲ء بروز اتوار انتقال کر گئے۔

☆ خان اللہ یار خان مرحوم: جناب محمد ظفر صاحب کے دادا خان اللہ یار خان (ساکن بستی صبو دیہہ، تحصیل حاصل پور) بعمر ۱۵۰ سال رمضان المبارک میں انتقال کر گئے۔

☆ والدہ مرحومہ صوفی اللہ دتہ: شہلی غربی تحصیل حاصل پور میں ہمارے مہربان صوفی اللہ دتہ کی اہلیہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

☆ ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معتمد خاص چودھری محمد افضل (ناگڑیاں، ضلع